The Daily LAZAWAL, Jammu

RNI Registration No.48984/86

روزنامہ
ہمیشہ آپ کے ساتھ
لازوال
جموں

II
حکومت کسانوں کو سستی کھاد فراہم کرنے کیلئے پرعزم: چوہان

03
این سی اور کانگریس کا پاکستان کے ساتھ اتحاد بے نقاب: ترون چگ

Volume : 39 | Issue No: 256 Pages:12 | ₹ 5 | Friday 20 September 2024 | جلد نمبر: 39 شمارہ نمبر:256 قیمت: ₹5 جمعہ 20 ستمبر 2024 | 15 ربیع الاول 1446 | 05 اسوج 2081 بکرمی

DAILYLAZAWAL/ http://lazawal.com/ LAZAWAL TV LAZAWAAL dailylazawal Epaper.lazawal.com

''نیا کشمیر، امن، ترقی اور جمہوریت کا مرکز''

ہم دل اور دِلی کی دوری مٹا رہے ہیں: نریندر مودی

ہمیں موقع دیجئے! کمل کا پھول اس خوبصورت گلدستے کی شان میں چار چاند لگائے گا

لازوال ڈیسک

سرینگر//وزیر اعظم نریندر مودی نے سرینگر میں ایک تاریخی عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ''نیا جموں وکشمیر'' کے وژن پر زور دیا اور جموں وکشمیر کی ریاست کے درجے کی بحالی کا وعدہ دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ ''ہم دل اور دِلی کی دوری مٹا رہے ہیں''، جس کا مقصد ریاست کو سیاسی اور اقتصادی اعتبار سے مضبوط بنانا ہے۔ مودی نے کہا کہ اب جموں وکشمیر میں امن وامان کی بحالی اور اقتصادی ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے حالیہ انتخابات میں دہشت گردی کے بغیر ہونے والی ووٹنگ کو جمہوریت کی بڑی کامیابی قرار دیا، اور تین خاندانوں کی روایتی سیاست پر سخت تنقید کی جو دہائیوں تک جموں وکشمیر کی ترقی میں رکاوٹ بنے رہے۔ مودی نے اس بات پر زور دیا کہ اب کشمیر کے نوجوان اپنے ہاتھ میں پتھر نہیں بلکہ کتابیں اور لیپ ٹاپ رکھتے ہیں، اور بی جے پی کی حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کشمیری زبان میں سلام کرتے ہوئے کہا، ''کیا حال چال چھو!'' اور نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی شرکت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کشمیر کی ترقی کا واضح ثبوت ہے۔

وزیر اعظم مودی نے جموں و کشمیر میں جاری جمہوری عمل کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ''یہاں جمہوریت کا تہوار چل رہا ہے، اور کل سات اضلاع میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ ہوئی۔'' انہوں نے خوشی کا اظہار کیا کہ یہ ووٹنگ دہشت گردی کے سائے کے بغیر ہوئی، جس میں لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔

انہوں نے خاص طور پر کشتواڑ، ڈوڈہ، رام بن اور کلگام میں ہونے والی تاریخی ووٹنگ کا ذکر کیا، جہاں ووٹرز کی شرکت نے تمام پچھلے ریکارڈ توڑ دیے۔ ''یہ نئی تاریخ جموں وکشمیر کے لوگوں نے رقم کی ہے، اور دنیا دیکھ رہی ہے کہ جموں وکشمیر کے لوگ ہندوستان کی جمہوریت کو مضبوط کر رہے ہیں،'' وزیر اعظم نے کہا۔ انہوں نے فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ پہلی بار ہوا کہ ووٹنگ دہشت گردی کے سائے کے بغیر ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ ووٹنگ کی شرح بہت زیادہ تھی، کشتواڑ میں 80 فیصد سے زیادہ اور کلگام میں 62 فیصد سے زائد لوگوں نے ووٹ ڈالے۔ اُنہوں نے کہا کہ ''یہ نیا کشمیر ہے یہ نئی تاریخ آپ نے رقم کی ہے''۔ مودی نے کہا ''یہ نئی تاریخ جموں وکشمیر کے لوگوں نے رقم کی ہے، یہ دکھاتا ہے کہ جموں وکشمیر کے لوگوں کی اُمنگیں نئی اونچائیوں پر ہیں''۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ''آج دنیا دیکھ رہی ہے کہ کیسے جموں وکشمیر کے لوگ ہندوستان کی جمہوریت کو مضبوط کر رہے ہیں اور اس کیلئے میں جموں وکشمیر کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں''۔ 101

وزیر اعظم نریندر مودی کا کٹرا میں خطاب: جموں وکشمیر کا مستقبل چننے کی اپیل

ڈوگرہ شناخت کی حفاظت: بھاجپا کا عزم • جموں وکشمیر کو دوبارہ ریاست کا درجہ دینے کا وعدہ

کہا محبت کی دُکان پر نفرت کا سامان بیچنے کی کانگریس کی پرانی پالیسی ہے، تین خاندانوں کے پاپوں نے صرف کشمیر میں ہی آگ نہیں لگائی جموں کو بھی جھلسایا

لازوال ڈیسک

کٹرا//وزیر اعظم نریندر مودی نے آج جموں کے تاریخی شہر کٹرا میں ایک عظیم عوامی اجتماع سے خطاب کیا، جہاں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مودی نے اپنی تقریر میں جموں وکشمیر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ آنے والے انتخابات میں بھاجپا کو ووٹ دیں تاکہ جموں وکشمیر کا مستقبل روشن ہو سکے۔ اپنے خطاب کے دوران انہوں نے جموں وکشمیر کی ترقی، مقامی شناخت، اور بھاجپا کی پالیسیوں کو اجاگر کیا جبکہ کانگریس، نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی پر سخت تنقید کی۔

وزیر اعظم مودی نے جموں وکشمیر کو ایک نئی بلندی پر لے جانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتخابات صرف نمائندوں کو چننے کے لیے نہیں ہیں، بلکہ اس خطے کے مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا: ''یہ چناؤ جموں وکشمیر کا مستقبل چننے کے لیے ہیں۔ یہ وہ انتخابات ہیں جو اس خطے کو ایک نئے جموں وکشمیر میں تبدیل کریں گے۔''

مودی نے اپنی تقریر میں کانگریس، نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی کے تین خاندانوں کو جموں وکشمیر کی بدحالی کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا کہ ان جماعتوں نے اس خطے کو سالوں سال زخم دیے۔ ''یہ تین سیاسی خاندان، جنہوں نے جموں وکشمیر کو گھاؤ دیے، ان کی سیاسی وراثت کا سورج غروب کرنا ہوگا۔''

وزیر اعظم نے کہا ''ہمارا یہ خطہ ہماری آستھا ہماری ثقافت کا مقام ہے، یہاں ایسی سرکار چاہئے جو ہماری آستھا کو احترام دیں، ہماری وراثت کو آگے بڑھائیں''۔ اُنہوں نے کہا ''کانگریس تو کچھ ووٹوں کیلئے ہماری آستھا اور ہماری وراثت کو کبھی بھی داؤ پر لگا سکتی ہے، کانگریس کا شاہی خاندان اور اس کے وارث نے حال میں غیر ملکی دھرتی پر جا کر کیا کہا آپ نے بھی سنا ہے''۔ اُنہوں نے کہا وہ کہتے ہیں ہمارے دیوی دیوتا بھگوان نہیں ہیں، ہندو دھرم میں گاؤں گاؤں میں دیوؤں کو دیوتاؤں کو پوجنے کی روایت ہے، ہم دیوتاؤں کو ماننے والے لوگ ہیں اور یہ کانگریس والے کہتے ہیں دیوتا بھگوان نہیں ہوتے کیا آپ ان کی باتوں سے متفق ہیں؟''۔ اُنہوں نے کہا ''یہ ہمارے دیوتاؤں کی توہین ہے کہ نہیں، ان کو سزا دیں گے؟ جی بھر کے سزا دیں گے؟''۔

وزیر اعظم نے کانگریس پر اپنا حملہ جاری رکھتے ہوئے کہا ''کانگریس کے لوگ ایسی باتیں بھول چوک سے نہیں کہتے ہیں، یہ سوچی سمجھی چال ہے، یہ ایک نسلی سوچ ہے، یہ دوسرے دھرموں اور دوسرے دیشوں سے امپورٹ کی ہوئی سوچ ہے''۔ اُنہوں نے کہا ''آج کانگریس پر اسی نسلی سوچ کا قبضہ ہو گیا ہے، اس لئے آپکو ان لوگوں سے خبردار رہنا بہت ضروری ہے''۔

وزیر اعظم نے جموں کی ثقافت اور مقامی شناخت پر بھی بات کی۔ انہوں نے ڈوگرہ شناخت پر حملوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس نے اس وراثت کو کبھی عزت نہیں دی 102

'ہم بی جے پی سے اور کیا اُمید رکھ سکتے ہیں'

ان کے پاس تین سیاسی خاندانوں کی تنقید کرنے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے: عمر عبداللہ

یو این آئی

سری نگر//نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا کہنا ہے کہ بی جے پی کے پاس جموں وکشمیر میں تین سیاسی خاندانوں کو تنقید کا نشانہ بنانے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔ انہوں نے ساتھ ہی کہا کہ ان کے پاس گذشتہ پانچ برسوں سے لوگوں کو دکھانے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے۔ موصوف سابق وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار جمعرات کو وسطی ضلع بڈگام میں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔

وزیر اعظم کے سری نگر میں انتخابی ریلی سے خطاب کے دوران نیشنل کانفرنس، کانگریس اور پی ڈی پی کو نشانہ بنانے کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا: 'ہم بی جے پی سے اور کیا امید رکھ سکتے ہیں وہ کسی دوسری چیز کے بارے میں بات نہیں کر سکتے ہیں کیونکہ ان کے پاس گذشتہ پانچ برسوں سے لوگوں کو دکھانے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے۔

ان کا کہنا تھا: 'مجھے معلوم نہیں ہے کہ وزیر اعظم نے 103

'تفرقہ انگیز سیاست کی حوصلہ شکنی ہوگی'

'ایک ملک، ایک الیکشن' سے ہندوستان کو ترقی یافتہ بنانے کی راہ ہموار ہوگی

یو این آئی

نئی دہلی//حکومت کا ماننا ہے کہ 'ایک ملک، ایک الیکشن' کے نظریہ پر عمل درآمد سے ملک میں تفرقہ انگیز سیاست کی حوصلہ شکنی ہوگی، وسائل کی کفایت شعاری کے ساتھ ترقی پر توجہ مرکوز ہوگی، گورننس میں استحکام آئے گا اور ملک میں مالی بوجھ میں نمایاں کمی آئے گی۔ اس طرح 2047 تک ہندوستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کا راستہ آسان ہو جائے گا۔ اس سمت میں ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی حکومت نے کابینہ کی میٹنگ میں سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی قیادت والی اعلیٰ سطحی کمیٹی کی ون نیشن ون الیکشن پر رپورٹ میں کی گئی سفارشات کو قبول کر لیا۔

ذرائع نے 'ایک قوم، ایک انتخاب' تجویز کے مقصد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ لوک سبھا اور تمام ریاستی اسمبلیوں کے ساتھ ساتھ دیگر انتخابات کو ایک ساتھ کرانا ہے۔ 104

بحریہ ہر صورت حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے: راجناتھ

ہند۔ بحرالکاہل خطے میں ہندوستانی بحریہ کی بڑھتی ہوئی طاقت کو مزید مضبوط کیا جانا چاہئے

یو این آئی

نئی دہلی//روز وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اقتصادی، تجارتی، نقل وحمل اور مجموعی قومی مفادات کے تحفظ کے لیے مضبوط بحری صلاحیت کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بحریہ کے اعلیٰ کمانڈروں سے ہر قسم کے حالات سے نمٹنے کے لیے موجودہ غیر مستحکم عالمی منظرنامے کے لیے تیار رہنے کو کہا گیا ہے۔

جمعرات کو یہاں بحریہ کے

اعلیٰ کمانڈروں کی کانفرنس کے دوسرے ایڈیشن میں کمانڈروں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر سنگھ نے اس بات پر زور دیا کہ ہند۔ بحرالکاہل خطے میں 105

'بی جے پی کو ہار سامنے دکھائی دے رہی ہے'

جموں وکشمیر میں انڈیا الائنس کی حکومت بننے جا رہی ہے: سچن پائلٹ

یو این آئی

جموں//کانگریس کے سینئر لیڈر سچن پائلٹ کا کہنا ہے کہ بی جے پی کو جموں وکشمیر میں ہار کا منہ دیکھنا پڑے گا کیونکہ لوگ اس بار بدلاؤ کے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ بی جے پی کو جموں وکشمیر کے لوگوں نے پوری طرح سے مسترد کیا لہٰذا وہ اب ووٹوں کو تقسیم کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سچن پائلٹ نے راجوری میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔

انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں اس بار کانگریس این سی اتحاد کی سرکار بننے جا رہی ہے اور پہلے مرحلے کے چناؤ کے بعد ہم یہ وثوق کے ساتھ 106

ہندوستان نے آئی ڈبلیو ٹی پر نظر ثانی اور ترمیم کے لیے پاکستان کو بھیجا نوٹس

کہا آرٹیکل 12(3) کے تحت معاہدے پر نظر ثانی کے لیے حکومت سے حکومت مذاکرات شروع کرے

یو این آئی

نئی دہلی//ہندوستان نے سندھ آبی معاہدہ (آئی ڈبلیو ٹی) کا جائزہ لینے اور ترمیم کے لئے پاکستان کو ایک باضابطہ نوٹس بھیجا ہے جس میں ان حالات میں بنیادی اور غیر متوقع تبدیلیوں کو اجاگر کیا گیا ہے جن میں معاہدے کی مختلف دفعات کے تحت ذمہ داریوں کے دوبارہ تجزیہ کی ضرورت ہے۔ یہ نوٹس 30 اگست کو آئی ڈبلیو ٹی کے آرٹیکل 12(3) کے تحت معاہدے پر نظر ثانی اور ترمیم کے لیے بھیجا گیا تھا۔ نوٹس کے مطابق، اس کے التزامات میں



وقتاً فوقتاً دونوں حکومتوں کے درمیان اس مقصد کے لیے طے شدہ باضابطہ توثیق شدہ معاہدے کے ذریعے ترمیم کی جا سکتی ہے۔

ہندوستان کی جانب سے جن مختلف خدشات کو اجاگر کیا گیا ہے ان میں آبادی کی تبدیلی، ماحولیاتی مسائل، ہندوستان کے اخراج کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے صاف ستھرائی توانائی کے فروغ میں تیزی لانے کی ضرورت، مسلسل سرحد پار دہشت گردی کے اثرات وغیرہ شامل ہیں۔ یہ نوٹیفکیشن کشن گنگا اور رتلے ہائیڈرو پراجیکٹس کے حوالے سے طویل عرصے 107

دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف لڑائی میں

ہندوستان چار جی 20 ممالک کے ایلیٹ گروپ میں شامل

یو این آئی

نئی دہلی//ہندوستان منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف جنگ کے لئے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) سے 'ریگولر فالو اپ' رینکنگ حاصل کرنے والے صرف چار جی 20 ممالک کے ایک ایلیٹ گروپ میں شامل ہو گیا ہے، لیکن ایف اے ٹی ایف نے القاعدہ اور داعش جیسی دہشت گرد تنظیموں سے لاحق خطرات سے بھی خبردار کیا ہے۔

وزارت خزانہ نے جمعرات کو اس سلسلے میں ایکس پر کئی پوسٹ میں یہ معلومات دی اور کہا کہ منی لانڈرنگ اور دہشت گردوں کی مالی معاونت کے خلاف ہندوستان کی لڑائی میں یہ ایک اہم سنگ میل اور قابل فخر لمحہ ہے۔ ان چار ممالک میں ہندوستان، برطانیہ، فرانس اور اٹلی شامل ہیں۔ اس کے بعد انہیں فالو اپ لسٹ میں 11 ممالک شامل ہیں جس میں کناڈا، جرمنی، امریکہ، چین، سعودی عرب، انڈونیشیا، جاپان، کوریا، میکسیکو، آسٹریلیا اور برازیل شامل ہیں۔ 108

خواجہ آصف کا انکشاف؛ بلی تھیلے سے باہر آ گئی ہے: ڈاکٹر جتیندر سنگھ

کانگریس نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی کے منصوبے اسلام آباد میں بنتے اور جموں وکشمیر میں عملائے جاتے ہیں

لازوال ڈیسک

جموں// پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف کے دفعہ 370 اور 35 اے پر بیان پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بالآخر بلی تھیلے سے باہر آ گئی ہے اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے اس مؤقف کی تصدیق ہوئی ہے کہ کانگریس، نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی جیسی جماعتیں جموں وکشمیر میں پاکستان کے اشاروں پر چلتی ہیں اور یہاں اسلام آباد کے منصوبوں کو عملا رہی ہیں۔

اُنہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں بھاری ووٹنگ کے بعد بائیکاٹ کی سیاست پر اپنا وجود برقرار رکھنے والی جماعتیں اور سرحد پار ان کے آقا بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ نے کانگریس۔ نیشنل کانفرنس سے کہا ہے کہ وہ ملک کے سامنے وضاحت دیں کہ وہ کیونکر جموں وکشمیر میں پاکستانی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں اور یہاں دہشت گردی کو پھر سے پنپنے کیلئے زمین کیوں مہیا کرا رہی ہیں۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ وزیر اعظم مودی کی انتھک محنت سے یہاں قائم امن وامان کو زک پہنچانے اور پھر سے سیاح تاریخ دہرانے 109

مودی امریکہ کے دورے کے دوران

عالمی امن کے لیے تجاویز پر بات کریں گے

یو این آئی

نئی دہلی//روز وزیر اعظم نریندر مودی کے آئندہ دورہ امریکہ کے دوران روس، یوکرین جنگ اور اسرائیل، حماس تنازعہ کو روکنے کی تجاویز پر امریکی صدر جوزف آر بائیڈن سمیت کئی اہم عالمی رہنماؤں کے ساتھ اہم بات چیت کرنے کا امکان ہے۔

مسٹر مودی 21 سے 23 ستمبر تک امریکہ کے تین روزہ دورے پر ہوں گے۔ اس دوران وہ صدر بائیڈن کے آبائی شہر فلاڈیلفیا کے صوبے ڈیلاویئر میں امریکہ، ہندوستان، جاپان اور آسٹریلیا کے چار فریقی اتحاد کواڈ کے چھٹے سربراہی اجلاس (دراصل چوتھے اجلاس) میں شرکت کریں گے اور مستقبل کے بارے میں 23 ستمبر کو نیویارک میں ہونے والی سربراہی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے آج یہاں وزیر اعظم مودی کے دورہ امریکہ کے بارے میں تفصیلات کے لیے بلائی گئی ایک پریس کانفرنس میں روس، یوکرین کے معاملے پر کئی سوالوں کے جواب میں کہا کہ حال ہی میں وزیر اعظم نے روس اور یوکرین کا دورہ کیا، جس کے بعد انہوں نے رہنماؤں سے بھی بات کی، امریکی صدر جوزف آر بائ 110

بھارتیہ جنتا پارٹی کے ترقیاتی ایجنڈے کو ووٹ دیں: نتن گڈکری

یہ چناؤ جموں وکشمیر میں امن، ترقی، صنعتوں کے قیام اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے ہیں

لازوال ڈیسک

جموں//مرکزی وزیر برائے روڈ ٹرانسپورٹ و شاہراہ نتن گڈکری نے آج جموں میں باہو۔ گاندھی نگر اسمبلی حلقہ سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے امیدوار وکرم رندھاوا کے حق میں ایک عظیم الشان روڈ شو اور عوامی اجتماع سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں گڈکری نے جموں وکشمیر کے لیے بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کو اجاگر کیا اور عوام سے پارٹی کو بھرپور حمایت دینے کی اپیل کی۔

گڈکری نے کہا کہ یہ

انتخابات صرف سیاسی پارٹیوں کا مستقبل طے کرنے کے لیے نہیں بلکہ جموں وکشمیر میں امن، ترقی، صنعتوں کے قیام اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ نریندر مودی کے وزیر اعظم بننے کے بعد جموں وکشمیر میں واضح تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے کہا، 1947" سے 2014 تک سڑکوں کے پروجیکٹ نہیں بنے، لیکن پچھلے 10 سالوں میں تین گنا زیادہ 111